# نعتِ پاک



شکرِ حق راکہ پیشوا داریم
خدا کا شکر ہے کہ ہم پیشوا رکھتے ہیں

پیشوائے چو مصطفٰی داریم
ہم مصطفٰیؐ جیسا پیشوا رکھتے ہیں

اُو شریعت بیان کُند مارا
وہ ہم کو اسلامی احکامات بیان کرتے ہیں

اُوطریقت عیاں کُند مارا
وہ ہم پر دل کی صفائی کا طریقہ ظاہر کرتے ہیں

صلواتِ خدایے بروے باد
خدا کی رحمتیں آپؐ پر نازل ہوتی رہیں

تا بروزِ جزا پیاپے باد
قیامت کے دن تک لگاتار ہوتی رہیں

ہدایت: اساتذہ، طلبا کو تاکید کریں کہ وہ نعتِ پاک کو اچھی طرح زبانی معنی کے ساتھ یاد کرلیں۔
اساتذہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبا نے واقعی نعت یاد کرلی ہے۔
نعت: ہمارے پیغمبر حضرت محمد ﷺ کی تعریف کرنے کو نعت کہتے ہیں۔ اس نظم میں ہمارے پیغمبرؐ کی تعریف لکھی گئی ہے۔